مرکب ہے کت (कत) اور جل (जल) سے کت بمعنی خراب اور جل بمعنی پانی و عرق

انجن अंजन سرمہ بفتح الف وسکون نون وفتح جیم وسکون نون۔ سنسکرت میں بھی یہی ہے

مول मोल قیمت۔ بضم میم وسکون واو مجہول وسکون لام۔ سنسکرت میں مُولّی (मूल्य) ہے

سیوک सेवक نوکر۔ چاکر۔ بکسر سین وفتح واو وسکون کاف عربی۔ یہہ سنسکرت ہے اس کا مادہ (सेव) سِیُو ہے جو ہندی میں سیو مشہور ہے بمعنی خدمت کرنا

بول बोल گفتگو، کہنا۔ بضم بار موحدہ و واو مجہول ولام ساکن

تانب ताबा تانبا مشہور دہات۔ بفتح تار تناۃ و نون غنّہ والف و بار موحدہ مفتوح و آخر الف۔ تا بفتح میم بھی مستعمل ہے۔ لفظ سنسکرت تامر (ताम्र) سے مشتق ہے

کانسا कासा ایک مشہور دہات۔ بفتح کاف عربی و نون غنہ والف و سین مفتوح و آخر الف یہ لفظ کانسی (कास्य) سے بگڑکر حاصل ہوا ہے

لوہ लोह لوہا۔ بضم لام و واو مجہول و ہار ہوز ساکن۔ سنسکرت کا لفظ ہی

بسولا बसूला مشہور آلات میں سے ہے۔ بفتح بار موحدہ وضم
سین مہملہ و واو معروف ولام مفتوح والف آخر

کلہاڑا कुल्हाड़ा مشہور آلہ۔ بضم کاف عربی وفتح لام وہار ہوز مخلوط والف
ڑا مفتوح و آخر الف۔ سنسکرت میں کوٹھار (कुठार) کہتے ہیں

دروہ द्रोह دشمنی، عداوت۔ بضم دال مہملہ ورار مہملہ مضموم و واو مجہول
وہار ہوز ساکن سنسکرت ہے

جاکی जाकी جس کی

ناہیں नाहीं نہیں

تھاہ थाह عمق۔ گہرائی

شالی शालि دھان، چاول۔ بفتح شین والف ولام مکسور ویار معروف
سنسکرت ہے

جونہری जुन्हरी ایک قسم کا غلہ ہے بضم جیم و واو مجہول و نون مفتوح
مخلوط بہ ہار ہوز ورار مہملہ مکسور ویار معروف۔ ہندی ہے۔ جونہار وجوار
وجونہری آتی صورتوں میں مستعمل ہے

مسور मसूर مشہور غلہ ہے۔ بفتح میم وضمہ سین مہملہ و واو معروف ورار مہملہ
ساکن۔ یہی سنسکرت میں بھی مستعمل ہے

کال काल گذشتہ روز۔ بفتح کاف عربی والف ولام ساکن سنسکرت

میں کلّی (कल्य) تا ہے

دانتی दाती ہنیا، آرہ، ارّہ کے دانت۔ بفتح دال والف مع نون

غنہ وکسر تار و یار معروف۔ لفظ سنسکرت داتر (दात्र) سے بنا ہی مادّہ

اس کا دُو (दो) بمعنی کاٹنا

سولی सूली پھانسی۔ بضم سین و واو معروف و لام مکسور و یار معروف

سنسکرت میں شولی (शूली) ہے

سیتل सीतल ٹھنڈا۔ بکسر سین و یار معروف تا۔ مثناۃ مفتوح ولام ساکن

سنسکرت میں شیتل (शीतल) شین معجمہ سے ہے

تاتا ताता گرم۔ بفتح تا رمثنات والف وتا رمثنات والف۔ تتا بغیر الف

بھی ہے سنسکرت تپت۔ بفتح تا۔ (तप्त) ہے مادہ تپ (तप) گرم

ہونا فارسی تپ اسی سے ماخوذ ہے

پولا पोला نرم۔ بضم بار فارسی و واو مجہول و لام مفتوح۔ یہ ہندی

لفظ ہے

چھاج छाज सوپ۔ بفتح جیم فارسی و ہا۔ ہوز مخلوط و جیم عربی ساکن

ہندی لفظ ہے

پچھوڑ پछोर غلّہ کو سوپ سے صاف کرنا۔ بفتح بار فارسی و ضمہ جیم

فارسی باہا۔ ہوز مخلوط و واو مجہول و را۔ مہملہ آخر۔ لفظ ہندی

منس مनुस مرد، آدمی ۔ بفتح میم وضمہ نون وسکون سین مہملہ۔ دکھنی زبان میں شوہر کو کہتے ہیں سنسکرت میں مانش (मानुष) محض مرد کو کہتے ہیں۔ عام محاورہ میں مرد سے مراد شوہر ہی ہوتا ہے جیساکہ دیہات میں بکثرت مستعمل ہے

للی लली نامرد، مخنث۔ بفتح لام اوّل وکسرہ لام ثانی ویا رمعروف۔ ہندی لفظ ہے

لوکھڑی लोखड़ी لومڑی۔ بضم لام وواو مجہول وکاف عربی وہا ر مخلوط درار مہملہ مکسور ویا رمعروف ہندی

کوکڑی कुक्कुड़ी مرغی۔ بضم کاف عربی وتشدید کاف عربی وضمہ کاف وکسرہ ڑار۔ یہ لفظ دکھنی زبان میں مستعمل ہے۔ ہندی میں ککوٹی (कुक्कुटी) کہتے ہیں اور یہی سنسکرت میں بھی مستعمل ہے۔ پنجابی بھی ککڑی ہے۔

اٹاری अटारी کوٹھا۔ بفتح الف وٹار مفتوح والف ورا رمہملہ مکسور ویا رمعروف اٹا بھی مستعمل ہے۔ سنسکرت اَٹ (अट्ट) سے ماخوذ ہے

دوار द्वार دروازہ۔ بضم دال مہملہ وواو مفتوح والف ورا رمہملہ ساکن سنسکرت ہے

اینٹھن ऐंठन اینٹھنا۔ مروڑنا۔ یہ لفظ یہاں اپنے اصلی معنی میں استعمال نہیں کیا گیا بلکہ اس کے مجازی معنی لئے گئے ہیں۔ یعنی وہ مزہ جس سے

زبان میں مُروڑ پیدا ہو

چکن चिकन چکنا۔ جس میں دہنیت ہو۔ دیہاتی اِس کو بکثرت استعمال کرتے ہیں۔ ہندی ہے

کھار खार شور۔ مشہور مزہ۔ بفتح کاف عربی بہ ہار مخلوط والف و رار ساکن آخر۔ یہ لفظ سنسکرت کشار (क्षार) سے ماخوذ ہے کش۔ اکشر ہندی میں چھ پڑھا جاتا ہے

چرپر चरपर تیز۔ بفتح جیم فارسی وسکون رار مہملہ و بار فارسی مفتوح و رار مہملہ ساکن اصل لفظ چرپرا ہے

بچار विचार خیال۔ سمجھ۔ بار موحدہ مکسور و فتح جیم فارسی والف و رار مہملہ ساکن۔ یہ سنسکرت کا لفظ وچار (विचार) مادہ چر معنی حرکت

جیبھ जीभ زبان۔ بکسر جیم عربی و یار معروف ساکن و بار موحدہ مخلوط ساکن۔ اصل سنسکرت لفظ جیھوا (जिह्वा) سے ماخوذ ہے

اکھنا ईखना دیکھنا۔ بکسر الف و یار معروف ممدود و کاف عربی مخلوط یہ پراکرت ہندی ہے جو براہ راست سنسکرت سے بنی سنسکرت میں اکشن (ईक्षण) پراکرت (اکّھن) (ईक्खन) (ڈنگل بھاشا)

لیکھنی लेखनी قلم جس سے لکھا جائے۔ بکسر لام و یار مجہول و کاف عربی مخلوط و نون مکسور و یار معروف۔ یہ لفظ سنسکرت ہے۔ اکثر بغرض تخفیف

یا، آخر کا خفیف اظہار کرتے ہیں

لیکھنا लीखना لکھنا۔ دکھنی زبان میں لکھنا بیائے معروف ہے

آننا आनना لانا۔ الف مفتوح ممدود و نون ساکن و نون دوم مفتوح و آخر الف یہ لفظ آنَیَنُ (आनयन) مادہ نی (नी) لانا

سیپی सीपी مشہور۔ ہندی

بلد बलद بیل، لادو بیل۔ بیل جس پر کچھ لادا جائے۔ بائے موحدہ مفتوح و لام مفتوح و دال ساکن اصل سنسکرت بلی وَرد (बलीवर्द) سے ماخوذ ہے

دوش दोष گناہ بضم دال و واو مجہول و شین معجمہ ساکن سنسکرت ہے۔ ہندی میں بسین مہملہ ہے

روش रोष غصہ بضم رائے مہملہ و واو مجہول و شین معجمہ۔ ہندی میں بسین مہملہ ہے

گوبر गोबर گائے وغیرہ کا پاخانہ بضم کاف فارسی و واو مجہول و بائے موحدہ مفتوح و رائے مہملہ ساکن۔ ہندی لفظ ہے

پیوسی पेउसी ایک قسم کا پھٹکی دار دودھ جو بچہ پیدا ہونے سے کئی روز بعد تک اس حالت پر باقی رہتا ہے اور بطی الہضم ہوتا ہے۔ یہ لفظ سنسکرت پیوش पीयूष سے بنا ہے

کدال कुदाल ایک قسم کا آہنی ہتیار۔ بضم کاف عربی و واو مجہول و دال مہملہ مفتوح و الف و لام ساکن سنسکرت ہے

کُسّی कुस्सी کدالی۔ بضم کاف عربی و واو مجہول و سین مہملہ مشدّد مکسور و یا معروف۔ دیسی بھاشا ہے بیشتر کسا الف سے ہے اور کمتر کُسّی بیاہی

تناپا तनापा جوانی۔ بفتح تا و تمنات و فتح نون و الف و فتح با فارسی و الف آخر۔ ہندی

آکھنا आखना کہنا۔ بولنا۔ بفتح الف ممدودہ و کاف عربی مخلوط بہ ہاء ہوز و نون مفتوح و الف آخر اصل اُس کی سنسکرت آکھیاں (आख्यान) بمعنی بولنا و کہنا۔ پالی زبان میں اکھّان (अक्खान) اور پنجابی زبان میں آکھنا بمعنی کہنا و بولنا (आखना) بمعنی جاننا غلط ہے۔

جیسا کبیر داس کہتا ہے ؎

بار بار کا آکھنے میرے من کی سوے
کل تو اوکھل ہو گئی سائیں اور نہ ہوے

تلسی داس کہتا ہے ؎

ستّی سندہ سانچی سدا جی آکھر آکھی
پرنت پال پائی سہی جی پھل ابھی لا لکھی

روکھ रूख درخت۔ بضم را مہملہ و واو معروف و کاف عربی مخلوط بہ ہا ہوز
اصل سنسکرت کا لفظ رُوکش (रूक्ष)

بھاکھنا भाखना کہنا۔ بفتح بائے موحدہ و ہا مخلوط و الف و کاف عربی

مفتوح مخلوط بہ ہائے ہوز و نون مفتوح و الف لفظ سنسکرت بھاکھن یا
بھاشن (भाषण) سے مشتق ہے

چاؤ चाव خواہش، آرزو۔ بفتح جیم فارسی و الف و واو۔ ہندی چاہ سے
مشتق ہے

پانو पाँव پیر، قدم۔ بفتح بائے فارسی و الف و آخر واو ساکن۔ آخر میں
نون لکھنا غلط ہے

دیا दिया چراغ۔ بکسر دال و یائے مفتوح و الف۔ سنسکرت دیپ
سے مشتق ہے

باتی बाती بتّی، فتیلہ۔ بفتح بائے موحدہ و الف و تائے مثناۃ مکسور و یائے معروف
ہندی ہے

دہلی देहली دہلیز، دروازہ۔ یہ لفظ سنسکرت ہے۔ عربی میں فارسی سے
لیا گیا ہے اور فارسی میں سنسکرت سے آیا ہوگا

وار वार دروازہ۔ بفتح واو و الف و رائے مہملہ ساکن لفظ سنسکرت ہے
ہندی میں مستعمل ہے

دِوس दिवस دن۔ بکسر دال مہملہ و واؤ مفتوح سین مہملہ ساکن۔ سنسکرت
ہے تے سے لکھنا صحیح نہیں ہے۔ حرکت کسرہ خفیف ہے

نیَر नियर نزدیک۔ بکسر نون و فتح یائے تحتانی و رائے مہملہ ساکن۔

لفظ ہندی ہے۔ الف کا بضرورت شعری اضافہ ہوا ہے

لون لोन نمک بضم لام و واو مجہول و نون ساکن سنسکرت (लवण)
لَوَنْ ہے

سیٹھا सीठा بے مزہ۔ بکسر سین مہملہ و یار معروف و ٹار مفتوح مخلوط و آخر
الف۔ بدمزہ غلط ہے۔ ہندی ہے

بھال भाल تیر یا نیزہ کی نوک۔ بفتح بائے موحدہ مخلوط بہ ہار ہوز
والف ولام ساکن آخر

پاکھر पाखर گھوڑے یا ہاتھی کا زیور۔ بفتح بار فارسی و کاف عربی مفتوح
مخلوط بہ ہار ہوز و رار مہملہ ساکن آخر۔ سنسکرت پرکھر (प्रखर) سے
ماخوذ ہے

ماچھر माच्छर مچھر۔ بفتح میم والف وجیم فارسی مخلوط بہ ہار ہوز
و را، مہملہ ساکن آخر۔ ہندی لفظ ہے

کانکر कांकर کنکر۔ بفتح کاف عربی و نون غنہ والف و کاف عربی
مفتوح و رار مہملہ ساکن۔ بیشتر کنکر بولا جاتا ہے لیکن کانکر بھی آیا ہے
کبیر داس کہتا ہے ؎

کانکر پاتھر جوڑ کے مسجد لئی چنائے　　تا چڑھی ملّا بانگ دے کیا بہرا ہوا خدائے
۱۲۱

سنسکرت کرکر (कर्कर) سے ماخوذ ہے

مکھ — मुख — مُنہ۔ بضم میم وکاف عربی مخلوط بہ ہاء ہوز ساکن سنسکرت ہی

ڈیٹھ — डीठ — نظر۔ بکسر ڈال و یاء معروف وٹا مخلوط بہ ہاء ہوز۔ دیٹھ دال
مہملہ سے بھی آتا ہے اصل سنسکرت درشٹی (दृष्टि) سے ماخوذ ہے

بید — बेद — طبیب۔ بکسر باء موحدہ و یاء مجہول و دال مہملہ ساکن آخر
سنسکرت وَیدَی (वैद्य) سے ماخوذ ہے

سیکھ — सीख — نصیحت۔ بکسر سین مہملہ وکاف عربی مخلوط بہ ہاء ہوز ساکن
سنسکرت شکشا (शिक्षा) سے ماخوذ ہے

بستی — बस्ती — آبادی۔ گانوں۔ بفتح باء موحدہ وسکون سین مہملہ وکسر
تاء مثناۃ و یاء معروف سنسکرت وَستی (वसती) سے ماخوذ ہے۔ بستا
غیر متعارف ہے صحیح بستی ہے

اُدھار — उधार — قرض۔ بضم الف فتح دال مہملہ مخلوط ہاء ہوز والف و راء
مہملہ ساکن سنسکرت اُدّھار (उद्धार) سے ماخوذ ہے

جیوتا — जीवता — زندہ۔ بکسر جیم و یاء معروف و واو مفتوح و تاء مثناۃ
مفتوح و آخر الف۔ ہندی لفظ ہے صحیح جیوت بلا الف ہے بضرورت شعری
الف بڑھ گیا ہے۔ سنسکرت جیو (जीव) سے ماخوذ ہے

کنگھی — कंघी — بالوں کے آراستہ کرنے و جھاڑنے کا آلہ۔ بفتح کاف
عربی و نون غنہ و کاف فارسی بکسور و یاء معروف۔ سنسکرت کنکتی

(कंकती) سے پراکرت کنکئی (कंकई) حاصل ہوئی اس سے ہندی کنگھی بنی

چمکنا चमकना روشن، چمکنے والا۔ بفتح جیم فارسی وفتح میم وسکون کاف عربی ہندی لفظ ہے بمعنی اسم فاعل اور یہی مصدر بھی ہے۔ اخیر میں نون بضرورت شعری زاید ہے

اُلّو उल्लू مشہور پرند۔ بضم الف وتشدید لام مضموم وواؤ معروف سنسکرت الوک (उलूक) سے ماخوذ ہے

باس बास بو۔ بفتح بار موحدہ والف وسین مہملہ ساکن۔ سنسکرت واس (वास) سے ماخوذ ہے

سوہا सूहा سرخ۔ بضم سین مہملہ و واو معروف وہار ہوز مفتوح والف ہندی لفظ ہے سنسکرت شون (शोण) سے ماخوذ ہے

لال लाल جواہرات میں سے ایک قسم۔ بفتح لام والف ولام ساکن آخر۔ سنسکرت ہے

سانجھ साँझ شام۔ بفتح سین مہملہ والف ونون غنّہ وجیم عربی مخلوط بہ ہار ہوز ساکن۔ سنسکرت سندھیا (सन्ध्या) سے ماخوذ ہے۔ سانج غلط ہے

بانجھ बाँझ وہ عورت جس کے بچہ نہ ہو۔ بفتح بار موحدہ والف ونون

غنہ و جیم عربی مخلوط بہ ہار ہوز سنسکرت بندھیا (बन्ध्या) سے
ماخوذ ہے

بھید भेद راز۔ بکسر بار موحدہ مخلوط و یار مجہول و دال مہملہ ساکن۔
ہندی ہے

کھرہا खरहा خرگوش مشہور جانور

ابھرن अभरन زیور۔ الف مفتوح بار موحدہ مخلوط ساکن رار مہملہ مفتوح
و نون ساکن آخر۔ سنسکرت میں آبھرن (आभरण) اور یہی ہندی
میں مستعمل ہے۔ لیکن اشعار میں ابھرن ہی آتا ہے۔ مگر نثر میں ابھرن استعمال
غلط ہے

رہٹا रहटा چرخہ۔ بفتح رار مہملہ وہار ہوز ساکن وٹار مفتوح و الف۔ ہندی
لفظ ہے

بچن बचन گفتگو، زبان، بولی۔ بفتح بار موحدہ و جیم فارسی مفتوح
و نون ساکن آخر۔ سنسکرت میں وچن (बचन) مادہ وچ (वच) بولنا

آرسی आरसी ایک مشہور آئینہ جو انگوٹھے میں پہنا جاتا ہے۔ بفتح
الف ممدودہ و رار مہملہ مفتوح و سین مہملہ مکسورہ و یار معروف در آخر۔
ہندی ہے

سیوا सेवा خدمت، چاکری۔ بکسر سین مہملہ و یار مجہول و واو مفتوح

وآخر الف۔ سنسکرت ہے

اہرن نہائی۔ بفتح الف وفتحہ ہا۔ ہوز ورا مہملہ مفتوح ونون अहरन ساکن آخر۔ کبیر داس لکھتا ہے ؎

کویرا کیول رام کی تومت چھاڑے اوٹ
گھن اَہرَن بچ لوہ جیون گھن سہے سرچوٹ

سویتا سوتا۔ قدیم محاورہ ہے सोयता

گھڑی چھوٹا گھڑا۔ قدیم محاورہ ہے اب مستعمل نہیں ہے घड़ी

سیانا چالاک (مفصل بیان اوپر گذرا) सयाना

بھولا نادان بضم با موحدہ وہا مخلوط وواو مجہول ولام مفتوح भोला وآخر الف۔ ہندی ہے

ناہر شیر۔ بفتح نون والف وفتح ہا ہوز ورا مہملہ ساکن۔ ہندی ہے नाहर

بھڑہا بھیڑیا۔ بکسر با موحدہ مخلوط وڑا مفتوحہ وہا ہوز مفتوح भेड़हा والف آخر۔ سنسکرت بھڈرہا (भेड़हा) ہے اب ہندی میں بہت کم مستعمل ہے

ککڑی کچے سوت کا لپٹا ہوا لچھا جو کات کر تکلے پر سے اوتارا جاتا कुकड़ी ہے۔ بضم کاف عربی وفتح کاف عربی وڑا مکسورہ ویا معروف سنسکرت گگوٹی कुक्कुटी کہتے ہیں اسی سے یہ مشتق ہے کبیر کہتا ہے ؎

چھ ماس تاگا بر کمہ دن کو کوری لوگ بولیں بھل کاتی بہوری

بھوت भूत شیطان، دیو۔ بضم بار موحدہ وہار مخلوط وواو معروف وتار مثنات۔ سنسکرت ہے

کلّی किल्ली کنجی۔ بکسر کاف فارسی ولام مکسور مشدّد ویار معروف۔ دکھنی زبان میں کنجی کو کلّی کہتے ہیں سنسکرت کیل (कील) سے ماخوذ ہے۔

کاج काज کام۔ بفتح کاف عربی والف وجیم عربی۔ اصل سنسکرت کاریَ (कार्य) سے پراکرت کج (कज्ज) حاصل ہوا اس سے ہندی کاج بنا

سینچر सनीचर زحل، شنبہ۔ بفتح سین وکسر نون ویار معروف وجیم فارسی مفتوح ورار مہملہ ساکن سنسکرت شَنَیشچر शनैश्चर سے ماخوذ ہے

آدِت आदित سورج، یکشنبہ۔ الف ممدودہ ودال مہملہ مکسورہ وتار مثناۃ ساکن سنسکرت میں آدِتّیَہ (आदित्य)

منگل मङ्गल مریخ، سہ شنبہ۔ بفتح میم ونون غنہ وفتح کاف فارسی ولام ساکن۔ سنسکرت ہے

بدھ बुध عطارد، چہار شنبہ۔ بضم بار موحدہ وسکون دال مخلوط سنسکرت ہے

برہسپت बृहस्पति برجیس، مشتری، پنجشنبہ۔ برسپت بھی مستعمل ہے

شکر　शुक्र　زہرہ، جمعہ۔ بضم شین معجمہ وسکون کاف عربی ورا رمہلہ
سنسکرت ہے

پیپل　पीपलि　مِرچ۔ بکسر بار فارسی و یار معروف و بار فارسی مفتوح و لام۔
ہندی ہے

جائپھل　जायफल　جوزبویا۔ بفتح جیم عربی و الف و یا مفتوح و بار فارسی
مخلوط مفتوحہ و لام ساکن۔ سنسکرت جاتی پھل (जातीफल) سے
ماخوذ ہے

لونگ　लौंग　مشہور۔ سنسکرت لَونگ (लवङ्ग) سے ہے

کیکر　कीकर　ببول۔ بکسر کاف عربی و یار معروف و فتح کاف و رار
مہلہ۔ ہندی ہے سنسکرت کنکرال (किंकराल) سے ماخوذ ہے

داکھ　दाख　انگور۔ بفتح دال مہلہ و الف و کاف عربی مخلوط۔ سنسکرت
دراکشا (द्राक्षा) سے مشتق ہے

سونٹھ　सोंठ　شُنٹھی　शुण्ठि　سونٹھ مشہور دوا۔ بضم شین معجمہ و
نون ساکن و ٹار مکسور۔ سنسکرت ہے

میت　मीत　دوست۔ بکسر میم و یار معروف و تار مثنات آخر۔ سنسکرت
مِتر (मित्र) سے ماخوذ ہے

دان　दान　خراج، خیرات، انعام وغیرہ۔ بفتح دال مہلہ و الف و نون

سنسکرت ہے۔ مادہ دَا (दा) بمعنی دینا اسی سے فارسی دادن ماخوذ ہے

وکتر वक्त्र بکتر۔ بفتح بار موحدہ وکاف عربی ساکن وتار مفتوح ورار مہلہ ساکن۔ سنسکرت ہے

گانسی गांसी تیر یا کسی ہتیار کی نوک۔ بفتح کاف عربی والف ونون غنہ وسین مہلہ مکسور ویار معروف۔ ہندی لفظ ہے

ہانسی हांसी ہنسی۔ بفتح ہار ہوز والف ونون غنہ وسین مہلہ مکسور ویار معروف۔ ہندی لفظ ہے۔ سنسکرت ہاسّیَ (हास्य) سے مشتق ہے

پچھاوں पछांव پچھم۔ بفتح بار فارسی وجیم عربی مفتوح مخلوط والف وواو۔ قدیم محاورہ ہے۔ سنسکرت پشچم (पश्चिम) سے ماخوذ ہے

چھور छोर کنارہ، حد، نوک۔ بضم جیم فارسی مخلوط وواو مجہول ورار مہلہ ساکن۔ ہندی لفظ ہے

پاچھے पाछे پیچھے۔ بار فارسی مفتوح والف وجیم فارسی مخلوط مکسورہ یار مجہول پاچھیں۔ ہندی لفظ ہے۔ سنسکرت پشچات (पश्चात) مادہ (पश्च) اسی سے فارسی پس ماخوذ ہے

بانگی बानगी نمونہ۔ بفتح بار موحدہ ونون ساکن وکاف فارسی مکسور ویار معروف۔ ہندی ہے

اٹکل अटकल قیاس۔ بفتح الف وسکون ٹا وکاف عربی مفتوح ولام

ساکن۔ ہندی ہے

باس बास خوشبو۔ بفتح بار موحدہ والف وسین مہملہ۔ سنسکرت ہی

نگر नगर شہر۔ بفتح نون وکاف فارسی مفتوح ورار مہملہ۔ سنسکرت ہی

لچھمی लक्ष्मी دولت، دولت کی دیوی۔ ہندی میں لچھمی تلفظ ہے۔ بفتح لام وتشدید جیم فارسی مخلوط مفتوحہ۔ سنسکرت ہے۔ بضرورت آخر میں نون بڑھایا گیا۔ صحیح لفظ لکشمی ہے

نین नयन آنکھ۔ بفتح نون وفتح یار تحتانی و نون ساکن آخر۔ سنسکرت ہی

پوتلی पूतली پتلی۔ آنکھ کی پتلی۔ بضم بار موحدہ و واو معروف وتار مثنات مفتوح ولام مکسور و یار معروف آخر۔ پتلی بلا واو کے بھی مستعمل ہے سنسکرت پُتّلی (पुत्तली) ہے

چین चयन آرام۔ بفتح جیم فارسی وفتح یار تحتانی و نون ساکن آخر ہندی ہے، سنسکرت شَیَنْ (शयन) سے مشتق ہے

توندی तोंदी ناف۔ بضم تار مثناۃ و واو مجہول و نون غنہ مخلوط و دال مہملہ مکسور و یار معروف ہندی ہے۔ سنسکرت تُندی (तुन्दी) سے مشتق ہی

اہر अहेर شکار۔ بفتح الف وہار ہوز مکسور ورار مہملہ ساکن۔ سنسکرت آکھِٹ (आखेट) سے مشتق ہی

چھینکا  छींका  سکھر، سیکا۔ بکسر جیم فارسی مخلوط بہ ہار و یار معروف وکاف عربی مفتوح والف بغیر نون غنہ کے بھی مستعمل ہے۔ سنسکرت شِکیہ (शिक्य) سے مشتق ہے

ہرد  हरद  ہلدی۔ بفتح ہا، ہوز و فتح را، مہلہ و دال مہلہ آخر۔ سنسکرت ہرِدّرا (हरिद्रा) سے مشتق ہے

کنول  कँवल  کمل۔ ایک قسم کا پھول ہے جو تالاب میں ہوتا ہے۔ بفتح کاف و نون غنہ و واو مفتوح و لام ساکن۔ کنول اور کمل صحیح لفظ ہے کیوا بکسر کاف عربی و یار مجہول و واو مفتوح والف آخر۔ کیول بیار غلط ہے حقیقتاً یہ لفظ کیوا ہوگا۔ کیوا لوگوں نے اپنے کلام میں باندھا ہے۔ جائسیؒ کہتے ہیں ؎

سورگ سور بھوئیں سرور کیوا      بن کھنڈ بھنور ہوے رس لیوا

ناؤ  नाव  کشتی۔ بفتح نون والف و واو۔ ہندی ہے۔ سنسکرت نَو (नौ) ہے

گھاؤ  घाव  زخم۔ بفتح کاف فارسی مخلوط بہ ہار والف و واو۔ ہندی لفظ ہے

رُوج  रोज  رونا۔ بضم را، مہلہ و واو مجہول و جیم عربی۔ ہندی ہے روجڑا بھی آیا ہے۔ سنسکرت رودن (रोदन) سے مشتق ہے مادہ رُد (रुद्) رونا

کھوج  खोज  تلاش کرنا۔ بفتح کاف و ہار، ہوز مخلوط جیم مفتوح آخر ہندی ہے

پیر — पीर — درد۔ بکسر بار فارسی و یار معروف و رار مہملہ آخر
سنسکرت پیڑا (पीड़ा) سے مشتق ہے

ریت — रीति — چال۔ عادت۔ طریقہ۔ بکسر رار مہملہ و یار معروف تار مثنات
بکسر خفیف سنسکرت ہے

جیت — जीत — فتح۔ بکسر جیم و یار معروف و تار مثنات۔ سنسکرت جِت (जित)
سے مشتق ہے

ہنس — हंस — ایک پرند ہے۔ بفتح ہار ہوز و نون ساکن و سین مہملہ سنسکرت ہی

کانور — कांवर — یرقان ایک مرض ہے۔ بفتح کاف عربی و الف و نون غنہ و
داو مفتوح و رار مہملہ۔ کنورو وکانورو بھی مستعمل ہے سنسکرت کمل (कमल) ہی

بنس — वंस — خاندان۔ بفتح بار موحدہ و سکون نون و سین مہملہ۔ سنسکرت
ونش (वंश) سے ہے

جل کوکڑ — जल कुक्कुड़ — مرغابی۔ بفتح جیم موحدہ و سکون لام و ضم کاف
عربی و سکون کاف عربی ثانی و ضمہ کاف عربی ثالث و سکون ڑا سنسکرت
جل کوکٹ (जल कुक्कुट) سے ہے

ترنگ — तुरंग — گھوڑا۔ بضم تار مثنات و رار مہملہ مفتوح و نون غنہ و کاف
فارسی سنسکرت ہے

ناہر — नाहर — شیر۔ بفتح نون و الف و فتح ہار ہوز و رار مہملہ ہندی ہے۔

سسا ससा خرگوش - بفتح سین مہملہ اوّل و فتح سین مہملہ ثانی والف
سنسکرت شَشَ (शश) سے ماخوذ ہے

سوم सोम چاند - بضم سین مہملہ و واو مجہول و میم سنسکرت ہے

ماس मास مہینہ - بفتح میم والف و سین مہملہ سنسکرت ہے

کنگن कंगन ہاتھ کا ایک زیور - بفتح کاف عربی و سکون نون غنّہ و
فتح کاف فارسی و سکون نون - سنسکرت کنکڑ (कङ्कण) سے مشتق ہے

پایل पायल پیر کا زیور - بفتح بار فارسی والف یار تحتانی مفتوح و
لام ساکن

چوڑا चूड़ा کڑا - بضم جیم فارسی و واو معروف وڑار مفتوح و آخر الف -
سنسکرت ہے - ہاتھ میں پہننے کا زیور - پیروں کے زیور کے معنی میں نہیں آتا

تلڑی तिलड़ी گلے کا زیور - بکسر تار مثنات و فتحہ لام وڑار مکسورہ و یار
معروف - ہندی ہے

ہار हार گلے کا زیور - بفتح ہار ہوز والف و رار مہملہ سنسکرت ہے

بھجالی भुजाली بازو بند - بضم بار موحدہ مخلوط و جیم عربی مفتوح والف
ولام مکسور و یار معروف - سنسکرت بُھج (भुज) بمعنی بازو سے مشتق ہے

سنگار सिंगार آراستگی - بکسر سین مہملہ و نون غنّہ و کاف فارسی مفتوح
والف سنسکرت شرنگار (शृंगार) سے مشتق ہے

کرن پھول کان میں پہننے کا زیور۔ بفتح کاف عربی و رائے
مہملہ مفتوح و نون ساکن و بائے فارسی مخلوط مضموم و واو معروف و لام ساکن
آخر۔ سنسکرت کرنڑپور (कर्णपूर) (مرکب کرن بمعنی کان، پور بمعنی پورا
کرنا) سے مشتق ہے

ہیلا हीला کھینچ۔ بکسر ہائے ہوز و یائے معروف و لام مفتوح والف۔ ہندی
لفظ ہے بغیر یائے کے بھی مستعمل ہے یعنی ہلّا

برنوں बरनौं بیان کروں۔ بفتح بائے موحدہ و رائے مہملہ مفتوحہ و نون مضموم
و واو مجہول صیغہ متکلم فعل درنن و ورن سنسکرت ورن (वर्ण) سے
مشتق ہے

گھنگھرو घुँघरू ایک قسم کا زیور

بچھوا बिछुआ پانوں کا ایک زیور۔ بکسر بائے موحدہ و جیم فارسی مخلوط
بہ ہائے ہوز مضموم و واو مفتوح و آخر الف۔ ہندی لفظ ہی

جھمکا झुमका کان کا زیور۔ بضم جیم عربی مخلوط بہ ہائے ہوز و میم مفتوح
و کاف عربی مفتوح و آخر الف ہندی ہے

رتن रत्न جواہر، ہیرا۔ بفتح رائے مہملہ و سکون تائے مثنات و سکون نون سنسکرت ہے

پنا पन्ना جواہر کی ایک قسم، زمرد۔ بفتح بائے فارسی و تشدید نون مفتوح و
آخر الف۔ سنسکرت پنّگ (पन्नग) سے ماخوذ ہے

آبھرن आभरन زیور۔ الف ممدودہ و بائے موحدہ مخلوط بہ ہائے ہوز مفتوح و رائے مہملہ مفتوح و نون ساکن۔ دیسی بھاشا

گہنا गहना زیور۔ بفتح کاف فارسی و ہائے ہوز ساکن و نون مفتوح۔ ہندی

بکھان बखान قول، بیان۔ بفتح بائے موحدہ و کاف عربی مخلوط بہ ہائے ہوز والف و نون آخر۔ ہندی ہے

سپوت सपूत خلف، اچھا لڑکا۔ بفتح سین مہملہ و بائے فارسی مضموم و واو معروف و تائے مثنات فوقانی۔ ہندی ہے۔ سنسکرت سُپتر (सुपुत्र) سے ماخوذ ہے

بیری बैरी دشمن۔ بائے موحدہ مفتوح و یائے ساکن و رائے مہملہ مکسور و یائے ساکن۔ سنسکرت ہے

گرج गरज بادل کی آواز۔ بفتح کاف فارسی و رائے مفتوح و جیم عربی ساکن۔ سنسکرت ہے بتغیر کتابت

گھنگھور घनघोर بادل کا گھرنا، گھٹا۔ بفتح کاف فارسی مخلوط بہ ہائے ہوز و نون ساکن و کاف فارسی مخلوط بہ ہائے ہوز مضموم و واو مجہول و رائے مہملہ۔ ہندی ہے

ہلور हिलोर موج۔ بکسر ہائے ہوز و لام مضموم و واو مجہول و رائے مہملہ۔ سنسکرت ہِلّول (हिल्लोल) سے مشتق ہے۔

سیج सेज بستر۔ بکسر سین مہملہ و یائے مجہول و جیم عربی۔ سنسکرت

شَیّا (शय्या) مادّہ شی (शी) سونا

دولیچا दोलीचा قالین بضم دال مہملہ و واو مجہول و لام مکسور و یار معروف وجیم فارسی مفتوح و الف دیسی ہندی

ہریالی हरियाली سبزی۔ بفتح ہار ہوز و کسرہ رار مہملہ و فتحہ یار۔ و الف و لام مکسور و یار معروف۔ ہندی ہے

باری बारी باغ۔ بفتح بار موحدہ و الف و رار مہملہ و یار معروف۔ باڑی بھی مستعمل ہے سنسکرت واٹی (वाटी) سے مشتق ہے

کیاری कियारी باغ کی پتلی پتلی نالیاں جو ترکاری او پھلوار وغیرہ کے لئے کھودی جاتی ہیں۔ بکسر کاف عربی و یار مفتوح و الف و رار مہملہ مکسورہ و یار معروف سنسکرت کیدار (केदार) سے ماخوذ ہے

دھرتی धरती زمین۔ بفتح دال مہملہ و ہار ہوز مخلوط و رار مہملہ ساکن و تار مثناۃ مکسور و یار معروف۔ سنسکرت دھرتری (धरित्री)

سسر ससुर زوجہ کا باپ۔ بفتح سین و ضم سین ثانی و رار مہملہ سنسکرت شُوَشُر (श्वशुर) سے ماخوذ ہے

ہان हानि نقصان، زیان۔ بفتح ہار ہوز و نون بحرکت کسرہ اخف۔ سنسکرت ہے

رہٹ रहट چرخہ۔ بفتح رار مہملہ و ہار ہوز مفتوح و ٹار۔ و الف ہندی ہے

انٹی अन्टी اوپر گزرا

چیری चेरी خادمہ، لونڈی۔ بکسر جیم فارسی ویا مجہول و راء
مہملہ مکسورہ ویا معروف ہندی۔ سنسکرت چیٹی (चेटी) سے ماخوذ ہے

لاج लाज شرم۔ بفتح لام والف وجیم عربی آخر۔ سنسکرت لجّا
(लज्जा) سے ماخوذ ہے

بھاگ भाग قسمت۔ بفتح یاء موحدہ مخلوط بہ ہاء ہوز والف وکاف فارسی
سنسکرت بھاگّ (भाग्य)

بالا बाला لڑکی۔ بفتح باء موحدہ ولام مفتوح والف۔ ہندی وسنسکرت
پنجابی زبان میں مونڈھ کہتے ہیں۔ بالا مونث ہے

سین सयन اشارہ۔ بفتح سین مہملہ ویاء مفتوح ونون ساکن۔ سنسکرت
شین (शयन) سے ماخوذ ہے

تالی ताली دستک۔ دونوں ہاتھوں کو بجانے سے جو آواز پیدا ہو
بفتح تاء فوقانی والف ولام مکسور ویاء معروف۔ سنسکرت تال (ताल)
سے ماخوذ ہے

چٹکی चुटकी انگلیوں کو باہم بجانے کی آواز۔ ہندی ہے

ہچکی हिचकी مشہور بیماری۔ بکسر ہاء ہوز وجیم فارسی وکاف عربی مکسور
ویاء معروف ہندی ہے۔ سنسکرت ہکّا (हिक्का) سے مشتق ہے

انت अन्त آخر، انجام۔ بفتح الف وسکون نون وتاء مثناۃ سنسکرت

بات बात کلام۔ بفتح بائے موحدہ والف وتاء مثناۃ سنسکرت وارتا (वार्ता) سے ماخوذ ہے

سرن सरन پناہ۔ بفتح سین مہملہ ورائے مفتوح مہملہ ونون آخر۔ سنسکرت شرن (शरण) سے ماخوذ ہے

بھکاری भिखारी گداگر، بھیک مانگنے والا۔ بکسر بائے موحدہ مخلوط وکاف عربی مخلوط ہائے ہوز مفتوح والف ورائے مہملہ مکسورہ ویائے معروف۔ ہندی ہے سنسکرت بھکشو (भिक्षु) سے مشتق ہے مادہ بھکش (भिक्ष) بھیک مانگنا

---

نوٹ: متن کے صفحہ ۲ سطر ۴ شعر دوم کے دوسرے مصرعہ میں لفظ تیر بمعنی عنین جلی خطی سے سہواً درج ہوگیا ہے۔ صحیح ہائے ہوز سے (ہیز) ہے ۱۲